

# ۱۴۔ نئی کہانی

امّی کہنے لگیں کہانی ایک تھا راجا، ایک تھی رانی
مُنّا بستر پر سے بولا اب یہ کہانی میں نہ سنوں گا
نئی کہانی مجھے سناؤ امّی میرا جی بہلاؤ
میں نہ سنوں گا شیر کا قصّہ آجاتا ہے مجھ کو غُصّہ
کیوں کھاتا ہے ہرن ہمارے ننّھے سے خرگوش بِچارے
میں تو سنوں گا قصّہ ایسا ایک ہو لڑکا میرے جیسا
شیر کو بھی جو مار بھگائے راجا کو خاطر میں نہ لائے
پار کرے وہ سات سمندر سیر کرے آکاش پہ جاکر
تارے اُس کے ہوں ہم جولی چاند سے کھیلے آنکھ مچولی
بادل میں وہ جھولا جھولے چاند ستاروں کو بھی چھولے



امّی، میری اچھّی امّی
کہہ دو آج کہانی ایسی
(ماخوذ)



## مشقی سرگرمیاں

- دیکھو، پڑھو، لکھو۔

سمندر (سَ-مُن-دَر) ........................ ہم جولی (ہَم-جو-لی) ........................

- نظم سے چار حرفی لفظ تلاش کرو۔

- دیے ہوئے صحیح حرف خالی جگہ میں لکھ کر پورا لفظ دوبارہ لکھو۔ (تا - جو - را - ند - خر)

۱) ...... نی (......................) ۲) ...... گوش (......................)
۳) چا...... (......................) ۴) ......رے (......................)

۵) ہم ....... لی (....................)

❁ نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھو۔

۱) مُنّا کیسی کہانی سننا چاہتا ہے؟

۲) شیر کا قصہ سن کر کون غصّہ ہوتا ہے؟

۳) شیر کیا کھاتا ہے؟

۴) لڑکے کے ہم جولی کون ہوں گے؟

۵) آکاش کی سیر کون کرے گا؟

۶) لڑکا چاند کے ساتھ کیا کھیلے گا؟

❁ نیچے کچھ لفظ دیے ہوئے ہیں۔ ان لفظوں کے بارے میں نظم سے مصرعے تلاش کر کے لکھو۔

۱) لڑکا - ایک ہو لڑکا میرے جیسا

۲) راجا - [ ]

۳) سیر - [ ]

۴) تارے - [ ]

۵) بادل - [ ]

❁ ایک جملے میں جواب لکھو۔

۱) امّی مُنّے کو کون سی کہانی سنانے لگیں؟

۲) مُنّا شیر کا قصہ کیوں نہیں سننا چاہتا ہے؟

۳) مُنّا کیسے لڑکے کی کہانی سننا چاہتا ہے؟

۴) مُنّا لڑکے کو سیر کے لیے کہاں بھیجنا چاہتا ہے؟

۵) لڑکا چاند کے ساتھ کون سا کھیل کھیلے گا؟

۶) لڑکا کہاں جھوٗلا جھوٗلے گا؟

❁ نظم سے اپنی پسند کا شعر لکھو۔

❁ صحیح جوڑیاں لگاؤ۔

| | |
|---|---|
| کہانی | اچّھی |
| امّی | سیر |
| خرگوش | نئی |
| آکاش | ننھے |


۞ ایسے لفظ تلاش کرو جن میں 'و' آیا ہو۔

راجا ، سنوں ، رانی ، سناؤ ، بہلاؤ ، ہوں ، خرگوش ، ہرن ،
جھوٗلا ، جھوٗلیں ، ستاروں ، آنکھ مچولی ، ہم جولی ، چاند ، بادل

۞ ایک جیسی آواز والے لفظ لکھو۔

۱) کہانی ................. ۲) قصہ .................
۳) ایسا ................. ۴) بھگائے .................
۵) چھوٗلے .................

۞ نظم کی مدد سے نیچے دیا ہوا دائرہ پورا کرو۔




۞ نیچے دی ہوئی پہیلیاں بُجھاؤ۔

۱) چار حرفوں کا میرا نام
سر کو ڈھکنا میرا کام

۲) ایک جانور ایسا
جس کی دُم پر پیسا

۳) ایک تھال موتیوں بھرا
سب کے سر پر اُلٹا دھرا

۴) سب کے ساتھ وہ چلتا جائے
کوئی پکڑ کر اسے دِکھائے

۵) چھوٹی سی بٹیا
گز بھر چُٹیا

۶) سفید غار میں پیلی رانی
اس کے آس پاس ہے پانی

۷) بڑی جائے بار بار
چھوٹی جائے ایک بار

۸) دوڑی آئے بھاگی جائے
آتے جاتے شور مچائے

۹) ہاتھ میں ڈنڈا نا ہتھیار
ننھا سا ایک چوکیدار

(جواب صفحہ ٧٦ پر دیکھو)